Education - 9th Class Education Urdu Medium Chapter 3 Preparation

Q1. شیر خوارگی میں بچے کا قد کس انداز سے بڑھتا ہے؟

Ans 1: شیر خوارگی میں بچے کی ٹانگوں اور جسم بڑھنے کے ساتھ ساتھ بالائی جسم کا بھا ری پن کم ہو جاتا ہے.عمر کے دوسرے سال میں جسمانی نشونما کی رفتار پہلے سال کی نسبت کم رہتی ہے اور عام طور پر لڑکیوں کا قد اور وزن زیادہ ہوتا ہے.

Q2. طفولیت کے دور میں لڑکوں اور لڑکیوں میں بولنے کی صلاحیت میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: طفولیت کے دور میں لڑکوں کی نسبت لڑکیاں زیادہ روانی سے بولتی ہیں-

---

Q3. بچپن کے دور میں بچے کی لسانی نشوونما کے کوئی سے چار پہلو بیان کریں

Ans 1: بچپن کے دور مینبچے کی لسانی شنوونما کے چند پہلو مندرجہ ذیل ہیں بچہ دوسروں کی باتوں کو توجہ سے سننے لگتا ہے اپے بارے میں اور دوسروں کے بارے میں رابے دینے لگتا ہے حقائق کی پہچان کرنا شروع کردیتا ہے خیالی دنیا سے باہر آجاتا ہے

Q4. طبعی اور فطری تبدیلیاں سے کہتے ہیں

Ans 1: بچے میں تبدیلیاں فطری وقدرتی اور ماحول کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں فطری اور قدرتی تبدیلیاں میں عمر کے بڑھنے کے ساتھ قد کا بڑھنا وزن کا بڑھنا ہڈیوں اور عضلات میں مضبوطی پیدا ہونا چہرے کے خدوخال اور آواز میں تبدیلی پیدا ہونا شامل ہیں

Q5. انڈرسن کے مطا بق نشونما کیسا عمل ہے؟

Ans 1: "نشونما ایک ایسا عمل ہے جسمیں جسمانی بناوٹ کی سانچوں کے اعتبار سے بڑھو تری کو نہیں دیکھا جا تا ہے اسے قابلیت کی مقداری تبدیلوں کا نام ہی نہیں دیا جاتا بلکہ نشونما کا عمل پیچیدہ اور مربوط ہے".

Q6. بچپن کا دورانیہ کتنا ہوتا ہے

Ans 1: بچپن کا دورانیہ چھ سال کی عمر سے شروع ہوکر بارہ سال تک کی عمر تک جاری رہتا ہے

Q7. بچپن اور لسانی نشوونما کی تعریف کیجے

Ans 1: بچپن میں بچے جذباتی نشوونما میں نکھار پیدا ہوتا ہے بچے میں حسن ظرافت پیدا ہوتی ہے وہ درست اور غلط کی پہچان کرتا ہے بچہ اپنے اندر اصولوں کا احترام پیدا کرلیتا ہے وہ بہت حساس ہوتا ہے اور دوسروں کے جذبات کا احترام کرتا ہے چیزوں پر حق ملکیت بھی جتاتا ہے لیکن اس کے کسی عمل میں جامعیت اور بالغ نظری نہیں ہوتی

Q8. شیر خوارگی کے دور میں بچہ کون کون سے لوگوں کو پہچاننے لگ جاتا ہے؟

Ans 1: شیر خوارگی کے دور میں بچہ ماں،باپ،بہن،بھائی اور نوکر چاکر کو پہچاننے لگتا ہے.

Q9. بچے کی نشوونما کا دوسرا دور کون سا ہے

Ans 1: بچے کی نشوونما کا دوسرا دور طفولیت کہلاتا ہے یہ دور شیر خوارگی کے فورا بعد شروع ہوجاتا ہے

Q10. بلوغت کے دور میں بچے کی تخلیقی سرگرمیاں کیا ہوتی ہیں؟

Ans 1: اس دور میں افراد کی تخلیقیت میں پختگی آجاتی ہیں.وہ ایک مکمل فیکار بن جاتا ہے.مثلاً فنکار،مصور،افسانہ نگار،ناول نگار وغیرہ. وہ باتوں میں بھی نیا پن پیدا کر لیتا ہے.اس دور میں افراد نئی نئی چیزوں کو ایجاد کرتے ہیں.